© rasailojaraid.com

(۲)

## ریاض الحسنات

مؤلف : حضرت مولانا محمد ابراہیم میر سیالکوٹیؒ

ضخامت : ۸۰ صفحات

ناشر : دار الحدیث قدسیہ محلہ مسجد توحید گنج منڈی بہاؤ الدین ضلع گجرات

زیر نظر کتاب میں پنجسورہ (الٓمٓ سجدہ، یٰسٓ، ملک، نوح اور سورۃ مزمل) کے علاوہ اسماء الٰہیہ اور بعض اذکارِ مسنونہ مع ترجمہ وضروری تشریح درج کیے گئے ہیں۔ پہلی مرتبہ یہ کتاب ثنائی پریس امرتسر سے ۱۹۴۶ء میں چھپی تھی، اب مولانا صوفی احمد دین حنیف صاحب خطیب جامع مسجد اہل حدیث منڈی بہاؤ الدین نے شائع کی ہے۔ کتاب پر ہدیہ درج نہیں۔ کتابت وطباعت عمدہ، مجلّد ہے۔

مولانا احمد دین حنیف صاحب نے مندرجہ ذیل کتب بھی محمدی اکیڈمی کے تحت شائع کی ہیں۔

۲۔ تفسیر سورۃ فلق والناس، مصنفہ شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ، ضخامت ۸۰ صفحات، ہدیہ اشاعت فنڈ ......

۳۔ امام بخاریؒ کی مشہور تصنیف "جزء رفع الیدین" مع ترجمہ، ضخامت ۶۰ صفحات ہدیہ اشاعت فنڈ چھ روپے۔

۴۔ "البرہان القوی بجواب السلطان القوی" مرتبہ مولانا ابو سہیل محمد عبداللہ صاحب۔

ضخامت : ۸۰ صفحات، ہدیہ بطور صدقہ جاریہ : ۸ روپے

رسالہ ہٰذا میں قرآن وحدیث وفقہ حنفیہ سے مروجہ دعاء بعد از نماز جنازہ کی بدلائل قویہ تردید کی گئی ہے اور فریق مخالف کے بے محل استدلال وقیاسات کے مکمل مفید جوابات درج کیے گئے ہیں۔

۱۔ "استقامت" ــــ ضخامت : ۴۸ صفحات، ہدیہ اشاعت فنڈ ۵ روپے

یہ رسالہ دراصل مولانا قاضی محمد سلیمان صاحب سلمان منصور پوری کا ایک مکتوب گرامی ہے جو آپ نے ایک متذبذب مسلمان خط کے جواب میں

© rasailojaraid.com